اہل بزرگوں کے لیے دانتوں کی مفت روٹین دیکھ بھال

اونٹاریو سینئرز ڈینٹل کیئر پروگرام (OSDCP) ان تمام بزرگ افراد کو دانتوں کی اعلی دیکھ بھال فراہم کرتا ہے جو اہل ہیں۔

کون اہل ہے؟

آپ اہل ہوسکتے ہیں اگر آپ:

- 65 یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں
- اونٹاریو کے رہائشی ہیں
- تنہا ایک سینئر شخص کی سالانہ خالص آمدنی$25,000 یا اس سے کم یا ایک جوڑے کی مشترکہ خالص آمدنی$41,500 یا اس سے کم ہے
- کینیڈین ڈینٹل کیئر پلان (CDCP) کے علاوہ، دانتوں کے فوائد کی کوئی دوسری شکل تک رسائی نہیں ہے، بشمول نجی انشورنس یا کسی دوسرے سرکاری پروگرام کے تحت دانتوں کی کوریج، مثال کہ طور پر اونٹاریو ورکس، اونٹاریو ڈس ایبلٹی سپورٹ پروگرام یا غیربیمہ شدہ صحت کے فوائد۔ یہ ممکن ہے کہ کلائنٹس CDCP کے لیے اہل ہو او پھر بھی OSDCP کی شرائط پر پورا اترے بشرطیکہ کلائنٹ اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو۔

مجھے دانتوں کی دیکھ بھال کہاں سے مل سکتی ہے؟

دانتوں کی دیکھ بھال کی خدمات پبلک ہیلتھ یونٹس (PHU) اور شرکت کنندہ کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز(سی ایچ سی)، ابوریجنل ہیلتھ ایکسس سینٹرز (اے ایچ اے سی) کے ساتھ ساتھ کچھ علاقوں میں موبائل ڈینٹل کلینک کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔

کن خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے؟

- معائنے اور تشخیصات
- احتیاطی خدمات
- ٹوٹے ہوئے دانت اور کیویٹیز کی مرمت کے لیے بحالی کی خدمات
- دانتوں یا خلاف معمول ٹشوز کو ہٹانے کے لیے اورل سرجری
- ایکسرے
- انیستھیزیا
- انفیکشن اور درد کے علاج کے لیے اینڈوڈونٹک خدمات
- مسوڑوں کی کیفیات اور بیماریوں کے علاج کے لیے پیریڈانٹل خدمات

ڈینچرز کے بارے میں کیا ہے؟

ڈینچر کے بشمول پروستھوڈونٹک خدمات کا جزوی طور پر احاطہ کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے بات کریں۔

میں کس طرح درخواست دوں؟

اونٹاریو سینئرز ڈینٹل کیئر پروگرام کے لیے درخواست دینے کے لیے بہت سے اختیارات دستیاب ہیں:

- **ontario.ca/SeniorsDental** پر آن لائن درخواست دیں
- اپنی درخواست پرنٹ کریں، پُر کریں اور ای میل کریں
- درخواست فارم لینے کے لیے اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ یا شرکت کنندہ سی ایچ سی (CHC) یا اے ایچ اے سی (AHAC) سے ملیں اور/یا اپنی درخواست مکمل کرنے میں مدد حاصل کریں۔

اگر مجھے منظور کرلیا گیا تو کیا ہوگا؟

ایک بار جب آپ کی درخواست منظور ہوجائے تو آپ کو استقبالیہ پیکج اور ڈینٹل کارڈ بھیجا جائے گا۔ خدمات موصول کرنے کے لیے پبلک ہیلتھ یونٹ، کمیونٹی ہیلتھ سینٹر، یا خدمات فراہم کرنے والے ابوریجنل ہیلتھ ایکسس سینٹرز کے سامنے اس کارڈ کو پیش کریں۔

ہر سال آپ کو پروگرام میں مسلسل شرکت کے لیے آپ کی اہلیت کے بارے میں، یا ضرورت پڑنے پر پروگرام میں دوبارہ درخواست دینے کے طریقہ کار کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔

اور اگر مجھے مدد کی ضرورت ہے؟

416-916-0204 پر کال کریں
ٹول فری 1-833-207-4435
ٹی ٹی وائی 1-800-855-0511

URDU – FREE ROUTINE DENTAL CARE FOR ELIGIBLE SENIORS. Publication No. (300080). ISBN 978-1-4868-5417-2. PDF. August 2024. © King's Printer for Ontario, 2024.

Ontario